ع

(عین) [ع - ا - مذکر] اُردو کا چوبیسواں، فارسی کا اکیسواں اور عربی کا اٹھارھواں حرف ۔ حساب ابجد میں اس کے ۷۰ عدد فرض کیے گئے ہیں (۲) رکوع قرآن کا اشارہ (۳) مصرع کی علامت (۴) علیہ السلام کا مخفف (۴) ۔

ع - ا

عابد [ع - ا - مذکر و صفت] عبادت کرنے والا ۔
عاج [ع - ا - مذکر] ہاتھی دانت ۔
عاجز [ع - صفت] کمزور ۔ بے بس ۔ مجبور ۔ لاچار ۔
عاجز آنا ۔ تنگ آنا ۔ پریشان ہونا ۔ مایوس ہونا ۔
عاجز کرنا ۔ تنگ کرنا ۔ مجبور کرنا ۔
عاجزانہ (عا - ج - زا - نہ) [ف - تابع فعل] عاجزی سے ۔ انکساری سے ۔
عاجزی (عا - ج - زی) [ف - ا - مونث] عجز ۔ انکسار ۔ منت ۔ سماجت ۔
عاجزی کرنا ۔ منت سماجت کرنا ۔ گڑگڑانا ۔ ہاتھ جوڑنا ۔
عاجل [ع - صفت] جلد باز ۔
عاد [ع - ا - مذکر] (۱) وہ عدد جو ایک معلوم عدد کو پورا تقسیم کردے (۲) ایک قوم جس کے بغیر حضرت ہود تھے ۔
عادِ اعظم ۔ وہ بڑے سے بڑا عدد جو دو یا دو سے زیادہ اعداد کو پورا پورا تقسیم کردے ۔
عادات [ع - ا - مذکر و مونث] عادت کی جمع ۔
عادت (عا - دت) [ع - ا - مونث] (۱) خو ۔ خصلت (۲) طبیعت ۔ خاصیت (۳) طور طریقہ (۴) دستور (۵) طلب کسی چیز کی لت ۔
عادت پڑنا ۔ سبھاؤ پڑنا ۔ عادی ہونا ۔ ڈھب پڑنا ۔
عادت ڈالنا ۔ کسی بات کا خوگر ہونا ۔
عادتاً (عا - دَ - تن) [ع] عادت سے ۔ عادت کے طور پر ۔
عادل [ع - صفت] منصف ۔ جج ۔ انصاف کرنے والا ۔
عادلِ الرّہن ۔ وہ شخص جس کے پاس دو آدمیوں کا رہن نامہ رکھ دیا جائے ۔
عادی [ف - صفت] خوگر ۔ وہ شخص جسے کسی امر کی عادت پڑ گئی ہو ۔
عار [ع - ا - مونث] (۱) غیرت ۔ شرم ۔ لاج (۲) برائی ۔ عیب ۔
عار آنا ۔ شرم آنا ۔
عار سمجھنا ۔ عیب سمجھنا ۔ برا خیال کرنا ۔
عار کرنا (۱) غیرت کرنا ۔ شرم کرنا (۲) عیب سمجھنا ۔
عارض [ع - ا - مذکر] (۱) رخسارہ ۔ گال (۲) [صفت] لاحق ہونے والا ۔ پیش آنے والا ۔
عارضِ سیمیں ۔ چاندی جیسا گال ۔ نہایت خوبصورت چہرہ ۔
عارض ہونا ۔ لاحق ہونا ۔ پیدا ہونا ۔ نمودار ہونا ۔
عارضہ (عا - رِ - ضہ) [ع - ا - مذکر] مرض ۔ دکھ ۔ بیماری ۔
عارضہ لاحق ہونا ۔ بیماری لگنا ۔
عارضی (عا - رِ - ضی) [ع - صفت] وہ شے جو مستقل نہ ہو ۔ وقتی ۔ ہنگامی ۔
عارف [ع - صفت] (۱) پہچاننے والا (۲) خدا شناس ۔ ولی ۔
عارف باللہ ۔ خدا شناس ۔
عارفانہ [ف - تابع فعل] عارف سے منسوب ۔ عارف کی طرح ۔
عاری [ع - صفت] (۱) ننگا ۔ خالی (۲) تنگ ۔ قاصر ۔ عاجز ۔ مجبور ۔
عاری آجانا (ہونا) عاجز آجانا ۔ تنگ آجانا ۔ تھک جانا ۔
عاریت (عا - ری - یت) [ع - ا - مونث] قرض ۔ چند روز کے لیے مانگی ہوئی چیز ۔ (اُردو میں بیشتر بلا تشدید مستعمل ہے)
عاریت نامہ [مذکر] اقرار نامہ جو کسی چیز کے لوٹانے کے لیے لکھ دیا جائے ۔
عاریتاً (عا - رِ - یَ - تن) [ع - تابع فعل] قرضے کے طور پر ۔ مانگ کر ۔
عازم [ع - صفت] قصد کرنے والا ۔ ارادہ کرنے والا ۔
عازمین (عا - زِ - مین) [ع - ا - مذکر] عازم کی جمع ۔
عاشق [ع - ا - مذکر] چاہنے والا ۔ محبت کرنے والا ۔
عاشق مزاج (۱) حسن پرست (۲) دل لگی کرنے والا ۔
عاشقانہ (عا - شِ - قا - نہ) [ف - تابع فعل] عاشقوں کا سا ۔ عاشقوں کی طرح ۔
عاشقی (عا - شِ - قی) [ف - ا - مونث] عشق و محبت ۔ فریفتگی ۔
عاشور ۔ عاشورا ۔ عاشورہ [ع - ا - مذکر] محرم کی دسویں تاریخ ۔ امام حسینؓ کے شہید ہونے کا دن ۔
عاصم [ع - صفت] نگاہ رکھنے والا ۔ بچانے والا ۔
عاصی [ع - صفت] گنہ گار ۔ مجرم ۔ تقصیر وار ۔
عاطفت (عا - طِ - فت) [ع - ا - مونث] مہربانی ۔ لطف ۔ عنایت ۔
عافیت (عا - فی - یت) [ع - ا - مونث] (۱) سلامتی (۲) امن (۳) بھلائی ۔
عافیت تنگ کرنا ۔ چین سے نہ بیٹھنے دینا ۔ آرام نہ لینے دینا ۔
عاق [ع - صفت] ماں باپ کا نافرمان ۔ باغی ۔ سرکش ۔
عاق کرنا ۔ اولاد کو نافرمانی کے باعث حقوق فرزندی سے محروم کرنا ۔
عاق نامہ [مذکر] فرزندی سے اولاد کو محروم کرنے کی دستاویز ۔
عاقبت (عا - قِ - بت) [ع - ا - مونث] (۱) انجام ۔ خاتمہ (۲) نتیجہ (۳) آخرت ۔ عقبیٰ (۴) آخرکار ۔
عاقبتُ الامر ۔ آخرکار ۔
عاقبت اندیش ۔ دور اندیش ۔ انجام سوچنے والا ۔ ہوشیار ۔ عاقل ۔